# افکارِ احرار:

قائدِ احرار جانشینِ امیرِ شریعت سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری مدظلہٗ نے فرمایا :

"شجرِ اسلام یقین و نجات کے سایہ و ثمر کا ابدی ضامن ہے۔ اسلام کا چمن محمد کریم اور صحابۂ کرام علیہم الصّلوٰۃ والسّلام کے مقدّس خون کی ابدی حرارتوں سے سرسبز و شاداب ہے۔ اس پر کبھی خزاں نہیں آسکتی۔ اس کے پھولوں کی مہک ان کی تازگی، ان کا رنگ و بو سدا بہار ہے۔

اس کی نشاط آفریں، انبساط انگیز اور سکون پرور ہوائیں تمام موسموں اور تمام زمانوں کو محیط ہیں، تہ در تہ تاریخ کے بوسیدہ اوراق اس پر شاہدِ عدل ہیں کہ جب بھی مرغزارِ اسلام کی بہاروں سے اپنوں اور بیگانوں نے استفادہ کے لئے دیدۂ بینا کھولے تو یہ روح و جاں میں اُتر گئیں اس نے ضمیر و وجدان کو حیاتِ نو عطا کی اور بیٹر مردہ اخلاق کے مردہ پیکر حیاتِ طیبہ پا کر زندۂ جاوید ہو گئے

آؤ آگے بڑھو ایک قدم ہی بڑھو یہ دس قدم بڑھ کر آپ کو گلے لگا لے گا۔ ظلمتوں سے نکال کر نور کی وادی میں اتار دے گا۔ فنا کی گھاٹیوں سے بچا کر فرازِ عظمت کا شہ نشیں بنا دے گا"!

خطاب جامع مسجد جرٹ محلہ گوجرانوالہ، ۵ فروری ۱۹۷۹ء